تبصرے

فتاوی رحیمیہ جلد اول از مولانا مفتی سید عبدالرحیم صاحب قادری لاجپوری (انگریزی ترجمہ) تقطیع کلاں ضخامت ۴۳۴ صفحات ٹائپ جلی اور روشن۔ قیمت ۲۲/- پتہ (۱) مکتبہ برہان۔ اردو بازار دہلی ۶ (۲) عطارستان۔ چوک بازار سورت (گجرات)

مولانا مفتی سید عبدالرحیم صاحب کے فتاوی کی جلد دوم (اردو) پر تبصرہ پہلے ہو چکا ہے۔ جلد اول (اردو) پر غلطی سے تبصرہ نہیں ہو سکا۔ یہ فتاوی کی جلد اول انگریزی ترجمہ کی ہے جو کتاب الایمان، کتاب العلم، کتاب الطہارۃ، کتاب الاذان، کتاب الصلوٰۃ اور کتاب الجنائز پر مشتمل ہے۔ مولانا کے فتاوی کی خصوصیت یہ ہے کہ عام طور پر مفصل اور مدلل مع حوالۂ کتب کے ہوتے ہیں۔ اور بعض بعض جوابات تو فتاوی کیا اچھے خاصے رسالے بن جاتے ہیں۔ اس بنا پر عوام کے علاوہ عربی کے طلبا اور اساتذہ بھی ان سے استفادہ کر سکتے ہیں۔ یہ خصوصیت جلد اول کی بھی ہے۔ بلکہ غالباً اس معاملہ میں جلد اول جلد ثانی میں بڑھی ہوئی ہے۔ کیونکہ اس میں استعانت بالغیر اردو یا کسی اور زبان میں (عربی کے سوا) خطبہ۔ تراویح وغیرہ ایسے مسائل پر مفصل بحث ہے۔ انگریزی میں ترجمہ جناب ایم۔ ایف۔ قریشی نے کیا ہے۔ اس طرح کی کتابوں کا ترجمہ آسان نہیں ہوتا لیکن خوشی کی بات ہے کہ لائق مترجم اس وادی پر پیچ وخم سے بخیریت وعافیت اور سلامتی سے گذرے ہیں۔ زبان سہل، سلیس اور شگفتہ ہے۔ بعض مسائل مثلاً انگریزی تعلیم اور عورتوں کی تعلیم کے بارے میں مولانا کے خیالات انتہا پسندانہ ہیں۔ ہم کو ان سے اتفاق نہیں ہے۔ ضرورت ہے کہ افراط وتفریط کے درمیان کوئی معتدل راہ پیدا کی جائے۔ اور اس کی صورت یہی ہو سکتی ہے کہ مسلمان خود اپنے کالج بنائیں اور وہاں اس کا اہتمام کریں کہ تعلیم کے جو اچھے نتائج ہیں وہ حاصل ہوں۔ مثلاً تعلیم اور ڈاکٹری کم از کم یہ دو شعبے ایسے ہیں جن میں مسلم